02-09-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سے نئی دہلی میں ملاقات کی اور انہیں تلنگانہ گلوبل سمٹ کیلئے سرمایہ کاری کرنے اور دسمبر میں ڈیفنس ایکسپو کے افتتاح کی دعوت دی۔

۲۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کانگریس حکمرانی کے ہزار دن کی تکمیل پر تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ یہ دور بے ایمان رہا جس میں انتخابی وعدوں کو پورا نہیں کیا گیا۔

۳۔ بی آر ایس لیڈرس کے ٹی آر اور ہریش راؤ نے ایک چارج شیٹ جاری کرتے ہوئے حکمرانی کے ایک ہزار دن کی تکمیل پر کانگریس حکومت کی ناکامیوں کو اجاگر کیا ہے۔

اور

۴۔ سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ نے اپنی زیر زمین کانوں کو خانگیانے سے متعلق اطلاعات مسترد کر دی اور توثیق کی کہ ایسا کوئی ارادہ نہیں ہے۔

TUMMALA

تلنگانہ کے وزیر تملا ناگیشور راؤ نے آج نئی دہلی میں مرکزی وزیر مملکت پی چندر شیکھر سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ناگیشور راؤ نے رگھوناتھ پالیم منڈل کے لئے پردھان منتری آواس یوجنا۔گرامین کے تحت مزید 2 ہزار مکانات منظور کرنے کے اقدامات کرنے کی درخواست کی۔انہوں نے ضلع کھمم کے رگھوناتھ پالیم منڈل میں ایجنسی اور قبائلی گرام پنچایتوں میں ڈرینج نظام کی ترقی کے لئے 2 ہزار کروڑ روپے منظور کرنے کی بھی اپیل کی۔اس کے علاوہ انہوں نے حلقہ کھمم کے منڈل رگھوناتھ پالم میں قبائلی گرام پنچایتوں میں بنیادی ترقی کیلئے بھی 110 کروڑ روپے منظور کرنے کی خواہش کی۔

DESK

SINGARENI COLLIERIES COMPANY LIMITED:

سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ نے اپنی زیرِ زمین کانوں کی نجکاری سے متعلق خبروں کو غلط قرار دیا ہے۔ کمپنی نے واضح کیا کہ کانوں کی نجکاری کی کوئی تجویز نہیں ہے۔ مالی مشکلات کے باوجود سرکاری کمپنی 21 زیرِ زمین اور 17 اوپن کاسٹ کانیں چلا رہی ہے، تاکہ روزگار کا تحفظ اور خطے کی توانائی کی ضروریات پوری کی جاسکیں۔ ایس سی سی ایل نے کہا کہ شانتی کھنی کان کے لیے جنوری میں جاری کیا گیا ایکسپریشن آف انٹرسٹ صرف ایک پائلٹ اسٹڈی کے لیے تھا، جسے بعد میں منسوخ کر دیا گیا۔ کمپنی نے کہا کہ وہ کام کی کارکردگی بہتر بنانے اور سرکاری ملکیت برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔

DESK

CM REVANTH REDDY:

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی نے آج نئی دہلی میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سے ملاقات کی۔ انہوں نے دسمبر میں ہونے والے 'انویسٹ تلنگانہ گلوبل سمٹ 2026' میں شرکت اور اس کے تحت ڈیفنس ایکسپو کا افتتاح کرنے کی دعوت دی۔ سی ایم نے وزارت دفاع سے ایرا سپیس کلیئرنس، ایر شوز اور مسلح افواج کی شرکت کے سلسلہ میں تعاون کی درخواست کی۔ انہوں نے ریاست میں دفاعی اور ایرپورٹ منصوبوں کے لئے زمین کے حصول کا بھی ذکر کیا۔ اس میں عادل آباد ایرپورٹ کے لئے ایک ہزار 500 ایکڑ زمین اور دیورکدرا میں ڈی آر ڈی ایل کے لئے 416.18 ایکڑ اراضی معمولی سالانہ لیز پر دینے کا معاملہ شامل ہے۔

DESK

TEMPLE:

مرکزی وزارتِ ثقافت نے ملگ ضلع کے پالام پیٹ میں واقع گولا گوڈی مندر کو قومی اہمیت کی یادگار قرار دیا ہے۔ اس سلسلہ میں 31 اگست 2026 کو گزٹ نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔ یہ مندر یونیسکو کی عالمی ورثہ

فہرست میں شامل رامپا مندر کے قریب واقع ہے۔ گولا گوڈی ایک تری کٹالا یا طرز کی عمارت ہے جس میں خوبصورت نقش ونگار، الگ الگ عبادت گاہیں اور عمدہ نقش ونگار والا اونچا چبوترہ موجود ہے۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے تلنگانہ کی کانگریس حکومت کے اقتدار میں ایک ہزار دن مکمل ہونے پر حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے اسے ایک بے ایمان حکومت قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اپنے انتخابی وعدے پورے کرنے میں ناکام رہی ہے۔ کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے سرکاری ملازمین، کسانوں، خواتین، طلبہ، بے روزگار نوجوانوں اور کمزور طبقات سمیت تمام شعبوں کے لوگوں کو مایوس کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین اپنے بقایا جات اور زیرِ التوا ڈی اے کے مسئلہ پر احتجاج کر رہے ہیں جبکہ حکومت پر بھاری قرض جمع ہو چکا ہے جبکہ قرض معافی، پنشن اور مالی امداد جیسے اہم انتخابی وعدے ابھی تک پوری طرح نافذ نہیں کئے گئے۔ انہوں نے حکومت کی کارکردگی کو ناکام قرار دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت بھی سابق بی آر ایس حکومت کی طرح مالی بدانتظامی کر رہی ہے۔ ریڈی نے حکومت سے تمام انتخابی وعدوں کی موجودہ صورتحال پر وائٹ پیپر جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔

DESK

CHARGE SHEET:

تلنگانہ بھون میں منعقدہ ایک پروگرام میں بی آر ایس کے قائدین کے ٹی راما راؤ اور ہریش راؤ نے کانگریس حکومت کے پہلے ایک ہزار دن کی کارکردگی پر ایک ''چارج شیٹ'' جاری کی۔ ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر الزام عائد کیا کہ چندر شیکھر راؤ کی حکومت کے دور میں قائم کئے گئے زراعت، صحت، برقی اور تعلیم کے شعبوں کو کمزور کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت اپنی 6 ضمانتوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ بی آر ایس نے حکومت کو اس کے وعدوں کی تکمیل کا پابند بنانے کے لئے ایک ہفتے تک احتجاج کرنے کا اعلان کیا۔

DESK

CM

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے آج نئی دہلی میں آندھرا پردیش کے سابق چیف منسٹر ڈاکٹر وائی ایس راج شیکھر ریڈی کی برسی کے موقع پر انہیں خراجِ پیش کیا۔ انہوں نے عوامی فلاح و بہبود اور ترقی کے لئے راج شیکھر ریڈی کی خدمات کو یاد کیا جن میں آروگیہ شری اور فیس ری ایمبرسمنٹ جیسی اہم اسکیمیں شامل ہیں۔

DESK

PILLA SHEKAR REDDY

کانگریس حکومت کے ایک ہزار دن مکمل ہونے پر یادادری بھونگیر ضلع میں بی آر ایس کارکنوں نے بڑے پیمانے پر احتجاج کیا۔ سابق رکن اسمبلی پی شیکھر ریڈی اور آلیر میں سابق رکن اسمبلی جی سنیتا کی قیادت میں پارٹی کارکنوں نے حکومت کی عوام مخالف پالیسیوں کے خلاف نعرے لگائے اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ انتخابات کے دوران کئے گئے تمام زیرالتوا وعدوں کو فوری طور پر نافذ کیا جائے۔

PTC - YADADRI BHUVANAGIRI

COLLECTOR PRATHIMA SINGH:

میدک ضلع کلکٹر پرتیما سنگھ نے سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے اجلاس میں حکام کو ہدایت دی کہ ووٹر لسٹ میں موجود خامیوں اور غیر مربوط معاملات کو الیکشن کمیشن کی ہدایات کے مطابق شفاف طریقہ سے حل کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ووٹر لسٹ کی جانچ کا مقصد ووٹر کی شناخت کی تصدیق کرنا ہے، نہ کہ اہل ووٹروں کے نام حذف کرنا۔ انہوں نے بوتھ لیول عہدیدار کو ہدایت دی کہ دستاویزات جمع کرانے میں عوام کی مدد کی جائے۔

PTC-MEDAK

Y.S. Rajasekhara Reddy

صحت کے ریاستی وزیر داموددر راج نرسمہا نے آنجہانی وزیر اعلیٰ ڈاکٹر وائی ایس راج شیکھر ریڈی کی برسی کے موقع پر انہیں خراجِ پیش کیا۔ انہوں نے راج شیکھر ریڈی کو عوامی فلاح و بہبود کے لئے وقف ایک دوراندیش قائد قرار دیا اور کہا کہ آروگیہ شری، 108 ایمبولینس خدمات اور فیس باز ادائیگی جیسی اہم اسکیمات نے صحت اور تعلیم کے شعبوں میں نمایاں تبدیلی لائی۔ انہوں نے کہا کہ وائی ایس آر کی عوامی خدمت کا جذبہ آج بھی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

PTC-SANGAREDDY

SINIVAS REDDY

تلنگانہ کے وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی حکومت کے پہلے ایک ہزار دن کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے سابق بی آر ایس حکومت سے وراثت میں ملے 28 لاکھ کروڑ روپے کے قرض کے باوجود بہتر حکمرانی فراہم کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت نے عوامی فلاح و بہبود پر ایک لاکھ 76 ہزار کروڑ روپے خرچ کئے ہیں جبکہ اہم فلاحی اسکیموں کو جاری رکھا گیا۔ زیرِ التوا سرپنچوں کے بلوں کی ادائیگی کی گئی اور باریک دھان کے لئے فی کنٹل 2 ہزار 500 روپے بونس دیا گیا۔ وزیر نے کہا کہ ان اقدامات کے نتیجہ میں ریاست میں اناج کی پیداوار پنجاب سے بھی زیادہ ہوگئی ہے۔

DESK

KIDAMBI SRIKANTH:

کے سری کانت، تنوی شرما اور مکسڈ ڈبلز کی جوڑی دھرو کپیلا اور تنیشا کراستو نے شین ژیان میں چائنا اوپن بیڈمنٹن ٹورنمنٹ کے دوسرے راؤنڈ میں جگہ بنالی ہے۔ ان کھلاڑیوں نے اپنے ابتدائی مقابلہ سیدھے گیمز میں جیتے۔ دوسری جانب لکشیا سین اور دیویکا سیہاگ اپنے اپنے ابتدائی سنگلز مقابلہ ہار کر ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔

DESK

FEE DEEKSHA

فیس ری ایمبر سمنٹ اوراسکالرشپ کی زیرالتوارقم کے معاملہ پراپوزیشن کی تنقید میں اضافہ کے درمیان، اے بی وی پی نے کل حیدرآباد کے اندرا پارک دھرنا چوک پر ''فیس دکشا'' احتجاج منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اے بی وی پی نے طلبہ اور حامیوں سے احتجاج کو کامیاب بنانے کے لئے بڑی تعداد میں شرکت کی اپیل کی ہے۔

DESK

RAMCHANDER RAO:

بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے مطالبہ کیا ہے کہ ریاستی حکومت ہر سال 17 ستمبر کو سرکاری طور پر تلنگانہ لبریشن ڈے کے طور پر منائے۔ انھوں نے آج پرکال امر دھام میں شہیدوں کو خراج پیش کیا۔اس موقع پرانھوں نے رضا کاروں کے دور میں ہونے والے مظالم کو یاد کیا اور بی آر ایس اور کانگریس پر ووٹ بینک کی سیاست کے لئے ریاست کی خودداری سے سمجھوتہ کرنے کا الزام لگایا۔رام چندر راؤ نے عوام سے اپیل کی کہ لبریشن ڈے کے موقع پرقومی پرچم لہرائیں اور آزادی کے لئے جدوجہد کرنے والے مجاہدین کوخراج پیش کریں۔

PTC-WARANGAL

PONNAM PRABHAKAR

تلنگانہ کے وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھا کرنے اعلان کیا ہے کہ وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی کل 620 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے نلگنڈہ ایکس روڈس سے اویسی جنکشن تک کوریڈور کا افتتاح کریں گے۔ 3.23 کلومیٹرطویل اس کوریڈور سے چنچل گوڑہ، سعیدآباد اور آئی ایس سدن علاقوں میں ٹریفک کے مسائل کم ہوں گے۔اس سے سفر کے وقت میں تقریباً30 منٹ کی کمی آنے کی توقع ہے۔

Desk

RAJASHEKAR REDDY

ڈاکٹر وائی ایس راج شیکھر ریڈی کی 17 ویں برسی کے موقع پر لنگالا گھن پور میں منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسٹیشن گھن پور کے رکن اسمبلی کڈیم سری ہری نے بی آر ایس اور بی جے پی قائدین پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار سے محرومی کی وجہ سے یہ قائدین تکبر اور مایوسی میں کانگریس حکومت کو نشانہ بنا رہے ہیں۔انہوں نے وائی ایس راج شیکھر ریڈی کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور ان کی فلاحی اسکیموں کو یاد کیا۔کڈیم سری ہری نے بی آر ایس سے مطالبہ کیا کہ احتجاج کرنے سے پہلے وہ اپنے دورِ حکومت میں عائد بدعنوانی کے الزامات کا جواب دے۔

PTC-JANAGAMA

MP KADIYAM KAVYA

ورنگل کی رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر کڈیم کاویہ نے بی آر ایس قائدین پر اقتدار سے محرومی کی مایوسی میں کانگریس حکومت کو نشانہ بنانے کا الزام لگایا۔ ہنمکنڈہ میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے حکومت کے ایک ہزار دن کی کارکردگی کا ذکر کیا اور کہا کہ حکومت نے اپنی ضمانتوں پر عمل، خواتین کو بااختیار بنانے اور مکانات کی فراہمی سمیت کئی اہم اقدامات کیے ہیں۔انہوں نے اپوزیشن سے اپیل کی کہ وہ اسمبلی میں تعمیری بحث میں حصہ لے اور عوامی مسائل پر مثبت انداز میں بات کرے۔

PTC-WARANGAL

DAMODR REDDY:

اے بی وی پی کارکنوں نے ناگرکرنول کے رکن اسمبلی کے کیمپ آفس کے باہر احتجاج کرتے ہوئے زیرِ التوا فیس ری ایمبرسمنٹ اور اسکالرشپ کی رقم فوری جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔احتجاج کے بعد کارکنوں نے ایم ایل سی دامودر ریڈی کو ایک یادداشت پیش کی۔انہوں نے طلبہ کو یقین دلایا کہ وہ یہ مسئلہ حکومت کے سامنے اٹھائیں گے۔

PTC-NAGARKURNOOL

Collectors Sandeep:

جنگاؤں کے کلکٹر سندیپ کمار جھانے رگھوناتھ پلی اور نر میٹا منڈلوں میں ایس آئی آر کے عمل کا جائزہ لیا۔ انھوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ اس عمل کو محتاط انداز میں پورا کیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اہل افراد کے نام ووٹر لسٹ میں شامل ہو۔

PTC - Jangaon

Venkateswarlu:

منچریال کے سری رام پور علاقہ میں ایس آر پی۔ I کان کی تکمیل پر 50ویں گولڈن جوبلی تقریب منعقد کی گئی۔ سنگارینی کے ڈائرکٹر وینکٹیشورلو اور جی ایم سرینواس نے اس موقع پر یادگار جاری کی۔

PTC - Mancherial

Kolagani Srinivas:

کریم نگر کے میئر سرینواس نے کوتہ پلی گنیش وسرجن کے مقام کا معائنہ کیا تاکہ گنیش تہوار کو پرامن اور عمدگی سے منایا جاسکے۔ اس موقع پر بلدی کمشنر پرفل دیسائی اور مقامی عہدیدار بھی موجود تھے۔

PTC - Karimnagar